آپ کے حقوق جب آپ کے خلاف کسی مقدمہ کی نشان دہی کی جائے

چائلڈ ابیوز اینڈ میلٹریٹمنٹ (Child Abuse and Maltreatment, SCR) کے نیو یارک اسٹیٹ وائیڈ رجسٹر کو دی گئی ایک رپورٹ میں NYC ایڈمنسٹریشن فار چلڈرن سروسز (Administration for Children's Services, ACS) کی تحقیقات کے بعد **نشان دہی** کی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ACS نے اس بات کا تعین کیا ہے کہ آپ نے کسی بچے یا بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور/یا زیادتی کی ہے۔

آپ کو اس فیصلے پر اپیل کرنے اور سماجی خدمات کے قانون 422§ کے مطابق **ایک انتظامی سماعت** (جسے منصفانہ سماعت بھی کہا جاتا ہے) **کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے تاکہ آپ یہ درخواست کر سکیں کہ نشاندہی کردہ نتائج کو بے بنیاد قرار دے کر اسے ختم کر دیا جائے۔**

اگر آپ اپیل کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو نوٹس آف انڈیکیشن (Notice of Indication, NOI) پر درج تاریخ کے 90 دنوں کے اندر درج ذیل اقدامات کرنے ہوں گے (جو کہ آپ کو ACS سے موصول ہونے والا ایک دوسرا فارم ہے)۔ آپ کیلئے اپیل کرنے کا قانونی ٹائم فریم نوٹس آف انڈیکیشن کی تاریخ سے 90 دنوں تک کا عرصہ ہے، اس معلوماتی شیٹ پر درج تاریخ سے نہیں۔

اپیل کرنے کیلئے، آپ کو یہ کرنا ہوگا:

- نیویارک اسٹیٹ آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز (Office of Children and Family Services, OCFS) کو ایک خط لکھ درخواست کریں کہ آپ کی رپورٹ پر نظر ثانی کی جائے۔
- نوٹس آف انڈیکیشن کی ایک کاپی شامل کریں (یہ ایک علیحدہ خط ہے جو کہ ACS چائلڈ پروٹیکٹیو اسپیشلسٹ فراہم کرتا ہے) یا NOI کے اوپر دائیں کونے میں موجود کیس ID اور انٹیک اسٹیج ID نمبر شامل کریں۔ (اس معلوماتی شیٹ کو شامل کرنا کافی نہیں ہوگا۔)
- کوئی بھی اضافی معلومات شامل کریں جسے آپ اپنی اپیل کیلئے اہم سمجھتے ہیں۔
- آپ اسی خط میں اپنے SCR ریکارڈز کی کاپی کی بھی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اپنی تحریری درخواست اس پتہ پر ڈاک سے بھیجیں:

New York State Office of Children and Family Services
Statewide Central Register
P.O. Box 4480
Albany, NY 12204

اپیل کے عمل، نشاندہی کردہ رپورٹ کس طرح روزگار کو متاثر کر سکتی ہے، کے بارے میں مزید معلومات کیلئے براہ کرم OCFS کی ویب سائٹ ocfs.ny.gov **پر ملاحظہ کریں یا 518-474-1567 پر کال کریں۔**